21

# طرح طرح کے خاندان

## بولو بھئی کتنے؟


آؤ، سب مل کر ایک کھیل کھیلیں۔ اس کھیل کو تم ضرور جانتے ہوں گے۔ سب بچے ایک دائرے میں کھڑے ہو جائیں۔

ایک بچی دائرے کے درمیان میں کھڑی ہو کر کوئی تال بجائے۔ جب تک تال بجتا رہے تب تک سب گولے میں بھاگتے رہو۔

تال بجانے والی بچی اچانک تال (دُھن) روک کر کوئی بھی چھوٹا نمبر جیسے "پانچ"، "چار" یا "دو" زور سے پکارے۔

تال رکنے پر جو نمبر پکارا گیا ہے اتنی ہی تعداد کی گروہوں میں بنٹ جاؤ۔

جو بچے کسی بھی گروہ میں نہیں شامل ہو پاتے وہ کھیل سے باہر ہو جائیں۔ جب تک صرف دو بچے دائرے میں نہ رہ جائیں، یہ کھیل کھیلتے رہو۔




## آؤ اب کھیل کے بارے میں کچھ باتیں کریں

* جب تم صحیح تعداد کے گروہ میں شامل ہوئے تو تمہیں کیسا لگا؟ کیوں؟
* اگر تم کسی گروہ میں شامل نہ ہو پائے تو تمہیں کیسا لگا؟ کیوں؟
* کیا تمہیں لوگوں کے ساتھ رہنا پسند ہے؟
* تم کن کن کے ساتھ رہنا پسند کرتے ہو؟
* اگر تمہیں ہمیشہ اکیلے ہی رہنا پڑے تو تمہیں کیسا لگے گا؟

'بولو بھائی کتنے' کھیل میں دُھن بجانے اور نمبر پکارنے کا کام کوئی بھی کر سکتا ہے۔ بچوں کی تعداد کے مطابق پکارا جانے والا عدد کم یا زیادہ کیا جا سکتا ہے۔

© NCERT not to be republished

ہم سب اکیلے نہ رہ کر اور لوگوں کے ساتھ رہنا پسند کرتے ہیں۔ ہم سب کسی نہ کسی گروہ سے جڑ کر جیتے ہیں۔ چلو دیکھتے ہیں ایک ایسے گروہ کو ـــــ گُرلین، ناگار جُن اور ان کے بچے تانیا اور سمر۔



ان کا ایک دوسرے سے کیا رشتہ ہے؟

جو تصویر تم نے دیکھی اس میں دکھائے گئے لوگ ایک ہی خاندان کے افراد ہیں۔ ایسے خاندانوں کی تصویریں یا فوٹو ہم کئی بار دیکھتے ہیں۔ کہاں کہاں دیکھتے ہیں ہم ایسے خاندان؟ کیا سبھی خاندان ایسے ہی ہوتے ہیں؟ آؤ اب کچھ خاندانوں کے بارے میں پڑھیں۔

## سیتا امّا!

سیتا امّا ایک چھوٹے شہر گنٹور میں پشتینی مکان میں رہتی ہے۔ نیچے مکان میں دادا، دادی، چھوٹے چاچا اور خالہ رہتے ہیں۔ پہلی منزل کے ایک حصے میں سیتا امّا اپنے والد، والدہ اور چھوٹی بہن گیتا امّا کے ساتھ رہتی ہے۔ دوسرے حصے میں تایا اور اُن کے تینوں بچے رہتے ہیں۔ کچھ ہی مہینوں پہلے اُن کی تائی کی موت ہوگئی تھی۔

بچوں کے اپنے خاندان سے متعلق بات کے دوران سبق چار میں ہوئی گفتگو کو ذہن میں رکھنا مناسب ہوگا۔ کلاس میں موجود بچوں کے خاندانوں کی اندازِ رہائش پر بات سے سبق کی شروعات کی جاسکتی ہے۔

© NCERT not to be republished



اُس کے بڑے چچا اور نئی چچی الگ برساتی کے ایک کمرے میں رہتے ہیں۔ ان کی نئی نئی شادی ہوئی ہے۔

رات کو کھانے سے پہلے سیتا امّا کی ماں سب بچوں کو پڑھاتی ہیں۔

سب کا کھانا نیچے باورچی خانہ میں ایک ساتھ پکتا ہے۔ کوشش ہوتی ہے کہ رات کو سب مل کر کھائیں۔ آج کل رات کو تایا کی چھوٹی لڑکی سیتا امّا کی ماں کے پاس ہی سوتی ہے۔ صبح سیتا امّا اسے اسکول کے لئے تیار کرتی ہے۔



* سیتا امّا کے خاندان میں کون کون ہیں؟
* ان مختلف لوگوں کا آپس میں کیسا رشتہ ہے؟
* اس خاندان میں پچھلے سال میں کیا کیا تبدیلیاں آئی ہیں؟

## تارا



تارا اپنی اماں اور نانی کے ساتھ چنئی میں رہتی ہے۔ اس کی اماں میناکشی نے شادی نہیں کی ہے اور تارا کو گود لیا ہے۔ میناکشی صبح دفتر جاتی ہے اور شام کو گھر آتی ہے۔ اسکول سے لوٹنے کے بعد تارا کی دیکھ بھال اس کے نانا جی کرتے ہیں۔ وہ ہی اسے کھانا کھلاتے ہیں، اسکول کا کام کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ اس کے ساتھ کھیلتے بھی ہیں۔ چھٹی کے دن وہ تینوں دور


© NCERT not to be republished

گھومنے نکل جاتے ہیں، خوب مزے کرتے ہیں۔ کبھی کبھی تارا کی خالہ، خالو اور ان کے بچے بھی آجاتے ہیں۔ تب وہ سب مل کر خوب کھیلتے ہیں اور گپ شپ کرتے ہیں۔




* تارا کی دیکھ بھال کون کرتا ہے؟ کیسے؟
* خاندان کے لوگ مل کر کیا کیا کرتے ہیں؟

## سارا اور حبیب



سارا اور حبیب ایک شہر میں رہتے ہیں۔ دونوں نوکری کرتے ہیں۔ حبیب سرکاری دفتر میں کلرک ہے اور سارا اسکول میں پڑھاتی ہے۔ حبیب کے ابو ریٹائر ہو چکے ہیں اور ان کے ساتھ رہتے ہیں۔ شام کو تینوں ساتھ بیٹھ کر ٹی۔ وی دیکھتے ہیں یا تاش کھیلتے ہیں۔ ابو کو سب کے ساتھ ٹی۔وی دیکھنے میں مزہ آتا ہے__ دیکھنے کے ساتھ ساتھ بحث جو ہوتی ہے۔ چھٹی کے دن پڑوس کے بچے ان کے گھر میں خوب رونق کر دیتے ہیں اُودھم مچاتے ہیں ساتھ ساتھ مل کر مزے کرتے ہیں__ کبھی کھیل کود کر، کبھی گھومنے جاکر، کبھی ڈرامہ دیکھ کر۔



* اس خاندان میں کون کون ہے؟
* والد کو سب کے ساتھ ٹی۔وی دیکھنے میں زیادہ مزہ آتا ہے۔ کیوں؟
* خاندان کے لوگ کیسے تفریح کرتے ہیں؟

## طوطارام

طوطارام اپنے والد، چچا اور چچیرے بھائیوں کے ساتھ ممبئی کی بستی میں رہتا ہے۔ طوطارام اور اس


© NCERT not to be republished



کے بھائی ممبئی پڑھنے کے لئے آئے ہیں۔ اُن کے والداور چچا یہاں نوکری کرتے ہیں۔

گھر کا سب کام سبھی مل کر کرتے ہیں۔ طوطا رام کے چچا کے ہاتھ کا کھانا سب ہی کو بہت پسند ہے۔ اس کے والد خریداری کا سارا کام سنبھالتے ہیں۔ وہ جتنا پیسا کماتے ہیں، اس کا کچھ حصہ وہ گاؤں میں طوطارام کے دادا کو بھیجتے ہیں۔ طوطا رام کی ماں، دادا، دادی، چچی اور چھوٹے بھائی بہن گاؤں کے گھر میں رہتے ہیں۔ طوطارام سال میں ایک بار گاؤں جاتا ہے۔

اس کو اپنی ماں بہت یاد آتی ہے۔ وہ اسے بہت خط لکھتا ہے۔



* طوطارام کے خاندان کے افراد ایک دوسرے سے رابطہ کیسے قائم رکھتے ہیں؟
* طوطا رام کے خاندان میں کون سے لوگ شہر میں رہتے ہیں؟ اور کون سے گاؤں میں؟ کیوں؟



## کرشنا اور کاویری

کرشنا اور کاویری اپنے والد کے ساتھ رہتے ہیں۔ صبح تیار ہو کر تینوں ایک ساتھ گھر سے نکلتے ہیں۔ کرشنا، کاویری کو اسکول پہنچا کر کالج جاتا ہے۔ والد دکان جاتے ہیں، دن بھر کے لئے۔


دوپہر میں کاویری اسکول سے لوٹ کر گھر کا تالا کھولتی ہے اور کرشنا کا انتظار کرتی ہے۔ کالج سے

© NCERT not to be republished

آ کر کرشنا کھانا گرم کرتا ہے اور دونوں مل کر کھاتے ہیں۔


اسکول کا کام کرنے کے بعد کاویری باہر کھیلنے جاتی ہے، واپسی پر بھائی کے ساتھ کبھی کیرم کھیلتی ہے، کبھی ٹیلی ویژن دیکھتی ہے۔ والد جب آجاتے ہیں تب تینوں مل کر کھانا پکاتے ہیں اور کھاتے ہیں۔

چھٹیوں میں کاویری اپنی ماں کے پاس رہنے جاتی ہے۔ کرشنا بھی کچھ دن وہیں ماں کے پاس رہتا ہے، لیکن اُسے اپنے گھر میں ہی رہنا پسند ہے۔ اس کی ساری چیزیں اور والد جو یہاں ہیں۔




* کرشنا اپنی بہن کا خیال کیسے رکھتا ہے؟
* خاندان میں کیا کیا کام مل جل کر کرتے ہیں؟

تم نے کئی خاندانوں کے بارے میں پڑھا۔ کچھ سوالوں پر گفتگو بھی کی۔ خاندان کیا ہے؟ خاندان کیسے کیسے ہوتے ہیں؟ اس بارے میں تم نے اپنی رائے قائم کر لی ہوگی۔



خاندان میں کیا کیا ہوتا ہے؟



مندرجہ ذیل جملوں میں سے جو خاندان میں ہوتا ہے ان پر '✓' کا نشان لگاؤ۔

* ایک خاندان کے لوگ اکثر ایک دوسرے جیسے دکھائی دیتے ہیں۔ ☐
* خاندان کے لوگوں کو ایک دوسرے سے بہت پیار ہوتا ہے ☐
* ایک خاندان میں پیدا ہونے سے یا شادی ہونے سے ہم اس خاندان کا حصہ ہو جاتے ہیں۔ ☐
* خاندان کے لوگ اکثر ایک گھر میں ایک ساتھ رہتے ہیں۔ ☐
* خاندان کے بڑے لوگ اپنے خاندان کے لئے پیسے کماتے ہیں۔ ☐

سبق میں کچھ خاندانوں کے بارے میں بتایا گیا ہے۔ ان کے علاوہ بھی کئی طرح کے خاندان ہوتے ہیں۔ اس فرق کو سمجھنے کے لئے بچوں سے ان کے خاندانوں کے بارے میں گفتگو کی جاسکتی ہے۔

© NCERT not to be republished

* خاندان کے لوگوں کا آپس میں جھگڑا ہو تب بھی سبھی ساتھ رہتے ہیں۔
* خاندان میں بچوں اور بوڑھوں کی دیکھ بھال ہوتی ہے۔


اپنے خاندان کی کچھ اور باتیں سوچو اور خالی جگہ میں لکھو۔

________________________________________

________________________________________

## خاندان کا شجرہ

کیا تم خاندان کا تصوّر ایک پیڑ کی شکل میں کر سکتے ہو؟ یہاں سیتا امّا کے خاندان کا شجرہ بنایا گیا ہے۔




چلو، اب تم اپنے خاندان کا شجرہ اپنی کاپی میں بناؤ۔ اس کے لئے کسی شجرے کی مدد لو۔ مدد کے لئے سیتا امّا کے خاندان کی تصویر دیکھو۔

© NCERT not to be republished